تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

June 27, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں دو ہزار چوبیس کا سمر کوچنگ کیمپ اختتام پذیر

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے گیمز اینڈ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے آٹھ سے پندرہ سال کے بچوں کے لیے مہینہ بھر چلنے والا سمر کوچنگ کیمپ دو ہزار چوبیس یونیورسٹی کے اسپورٹس کمپلیکس میں پچیس جون دو ہزار چوبیس کو اختتام پذیر ہوا۔کیمپ کے دوران بچوں کو باسکٹ بال، فٹ بال، کرکٹ، ٹیبل ٹینس اور بیڈمنٹن کی ٹریننگ دی گئی۔

سمر کوچنگ کیمپ کے اختتامی پروگرام میں پروفیسر محمد شکیل قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ مہمان خصوصی تھے اور فیکلٹی آف ایجوکیشن کی ڈین پروفیسر سارہ بیگم مہمان اعزازی تھیں۔اختتامی تقریب میں دیگر ڈینز،صدور شعبہ، اساتذہ، طلبا، غیر تدریسی عملہ اور بچوں کے والدین شریک ہوئے۔

شیخ الجامعہ نے بچوں سے بات چیت کی اور چوبیس مئی کو دو ہزار چوبیس کو شروع ہونے والے مہینہ بھر کے سمر کوچنگ کیمپ کے کامیاب انعقاد کے لیے پروفیسر وسیم احمد خان، ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس ڈپارٹمنٹ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، محمد شاہد خان، ڈپٹی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس جامعہ ملیہ اسلامیہ اوران کی ٹیم کی کوششوں کی تعریف کی اور انھیں مبارک باد دی۔صحت منداور توانا رہنے کے لیے انھوں نے بچوں سے کہا کہ اسپورٹس کی سرگرمیوں میں حصہ لیا کریں،

بچوں کے والدین نے بھی گیمز اور اسپورٹس ڈپارٹمنٹ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی کوششوں کی تعریف کی اور جامعہ کے سمر کیمپ کوچنگ میں اپنے بچوں کی صلاحیتوں کو ابھرتے ہوئے دیکھ کر وہ بے حد مسرور ہوئے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی